Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

طرزِ عمل کے قوانین اور ضلع پیما تحفظاتی منصوبہ

نیویارک شہر کا محکمۂ تعلیم یہ یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے کہ ہمارے اسکول میں محفوظ، تحفظاتی اور منظم ماحول ہو جہاں پر برروز تعلیم و تدریس وقوع پذیر ہوتی ہے- ایک محفوظ اور دوستانہ اسکول اسکولی برادری کے تمام ارکان - اساتذہ، طلبا، انتظامیہ، والدین، صلاح کاروں، سماجی کارکنوں، حفاظتی عملے، متعلقہ خدمات فراہم کنندگان، کیفیٹریا میں کام کرنے والے، عمارت کے نگران اور بس کے عملے کے ایک دوسرے سے باہمی احترام سے پیش آنے کی کوششوں پر منحصر ہوتا ہے-

ایک ایسا تدریس ماحول تخلیق کرنے کے لیے کہ جس میں طلبا اعلٰی تعلیمی معیارات کی تکمیل کرسکیں، معلمین ان معیارات کے لیے تدریس دے سکیں، اور والدین کو یقین دلایا جاسکے کہ انکے بچے ایک محفوظ اور مثبت اسکولی ماحول میں تعلیم حاصل کررہے ہیں، پبلک اسکولوں میں اور انکے اردگرد نظم و ضبط اور تحفظ قائم کرنا لازمی ہے-

ریاستی قانون مطالبہ کرتا ہے کہ نیویارک شہر محکمۂ تعلیم ایک ضلع پیما تحفظاتی منصوبہ تیار کرے جس میں ہنگامی صورت میں انتظام اور بحران میں مداخلت سے نمٹنے کا جامع شہر پیما منصوبہ اور طرزِعمل کے قوانین بمعہ ضابط انضباط شامل ہو- اسکے علاوہ، ہر اسکول کے لیے عمارتی سطح کا تحفظاتی منصوبہ تیار کرنا مطلوب ہے، جو عمارتی تحفظاتی طریق کار، بشمول ملاقاتیوں کی نگرانی، طلبا کا انخلا اور دیگر اسکول سے مخصوص ہنگامی طریقہ ہائے کار قائم کرے- نیویارک شہر ضلع پیما تحفظاتی منصوبہ ایک محفوظ اور منظم تدریسی ماحول برقرار رکھنے کے لیے محکمۂ تعلیم کی پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کو قائم اور بیان کرتا ہے، بشمول اسکے کہ نظام تشدد کے واقعات یا دیگر مجرمانہ سرگرمیوں پر کس طرح ردِعمل کرتا ہے، نظام والدین اور قانون نافذ کرنے والے افسران سے کس طرح رابطہ اور مطلع کرتا ہے، اور ممکنہ تشدد آمیز طرزِعمل کا پتہ لگانے اور طلبا کے مابین اور طلبا اور اسکولی عملے کے درمیان ابلاغ کو بہتر بنانے کے لیے کیا حکمت عملیاں موجود ہیں-

نیویارک شہر محکمہء تعلیم کے قوانین برائے طرز عمل میں طلبا کی آموزش کی اعانت کے لیے شہرپیما طرزِ عمل کی توقعات شامل ہیں- اس دستاویز میں طالبانہ مداخلتیں اور ضابطہ انضباط، اور ساتھ ہی طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا مسودہ، K-12 بھی شامل ہے- قوانین برائے طرزِعمل میں قوانین کی خلاف ورزیوں پر والدین اور قانون نافذ کرنے والوں کو مطلع کرنے کے طریق کار شامل ہیں-

ذیل کے اجزا محکمۂ تعلیم کی ضلع پیما تحفظاتی منصوبے اور قوانین برائے طرزِعمل کے اہم حصوں کو نمایاں کرتے ہیں:

A. طلبا اور اسکولی عملے کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے پالیسیاں اور طریقہ ہائے کار- ان میں شامل ہیں:

1. دھمکیوں اور تشدد آمیز رویوں یا مجرمانہ طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے پالیسیاں؛
2. اسکول کے حفاظتی عملے کے کوائف، بشمول تربیت اور تقرری؛
3. اسکول میں واقع ہونے والے مجرمانہ افعال یا دیگر ہنگامی صورتوں سے مناسب قانون نافذ کرنے والے افسران، والدین اور اسکولی برادری کو مطلع کرنے کے طریقہ ہائے کار؛
4. طلبا اور والدین کو دستیاب حفظِ ماتقدم اور مداخلتی حکمت عملیوں کی وضاحت-

B. مجرمانہ دھمکیوں اور افعال سے نمٹنے کے لیے پالیسیاں اور طریقہ ہائے کار

اسکولی افسران کو مجرمانہ طرزِ عمل کی دھمکیوں یا افعال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا چاہیئے، جسمانی حملے سے بم کی دھمکی تک- چانسلر کے ضابطے اور پالیسیاں قانون نافذ کرنے والے افسران کو اسکول سے متعلقہ واقعات یا جرم، طلبا یا اسکولی ملازمین کے ذریعے کیے گئے جرموں یا طبی ہنگامی صورتوں سے مطلع کرنے کے لیے پالیسیاں قائم کرتے ہیں- (ذیل کے اہم دستاویزات ملاحظہ کریں)

C. تلاشی کے طریقہ ہائے کار

طلبا بلاجواز تلاشیوں اور ضبطی سے مبرا ہونے کا آئینی حق رکھتے ہیں- کسی طالب علم کی ذاتی اور املاک کی تلاشی صرف جب ہی لی جاسکتی ہے اگر اسکولی افسران کو یقین کرنے کا معقول شبہ ہو کہ تلاشی سے ثبوت ملے گا کہ طالب علم قانون یا محکمے کے انضباطی میعارات کی خلاف ورزی کررہا ہے یا کرسکتا ہے- تلاشی کا دائرہ عمل اور مقصد کو تلاشی کی غرض سے معقول طور پر متعلقہ ہونا چاہیئے اور طالب علم کی عمر اور جنس اور خلاف ورزی کی نوعیت کی روشنی میں بہت زیادہ بے جا مخل نہیں ہونا چاہیئے- چانسلر کے ضابطے A-412 اور A-432 طلبا، انکی املاک اور لاکرز کی تلاشی کے طریق کار کی خاکہ کشی کرتے ہیں-

D. اسکول حفاظتی عملہ

ستمبر 1998 میں، محکمۂ تعلیم، چانسلر، اور نیویارک شہر نے محکمۂ تعلیم اور نیویارک شہر محکمۂ پولیس ("NYPD") کے مابین ایک مشترکہ پروگرام نافذ کرنے کا ایک معاہدہ کیا تھا، جسکے تحت اسکول کے تحفظاتی افعال بشمول اسکول کے تحفظاتی عملے کی تربیت اور انتظام NYPD کی ذمہ داری ہوگا- محکمۂ تعلیم اور نیویارک شہر کے مابین ایک معاہدے کے بموجب، نیویارک شہر پبلک اسکول نظام کا اسکولی تحفظاتی عملے کا انتخاب، تربیت، تقرری اور تشخیص NYPD کے ذریعے کی جاتی ہے-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

معاہدے کے تحت، NYPD کے اسکول حفاظتی شعبے کا بااختیار افسر تقرری کے منصوبے اور اسکول کے حفاظتی وسائل کی تفویض کا ذمہ دار ہے- اس ذمہ داری کو نبھاتے وقت، ذیل کے عوامل کو زیرِغور لایا جاتا ہے:

- اسکول کی آبادی
- خاص ضروریات کی حامل آبادی
- اسکولی عمارت کا نقشہ اور سائز
- اسکین کرنے کے مطلوبات
- معلمانہ عمل
- اسکول کے تحفظاتی اہلکاروں میں کمی
- مقامی جرم کی صورتحال
- گرد ونواح کے اسکولوں پر اثر
- اسکول میں مجرمانہ واقعات کی تعداد

E. عمارتی سطح پر اسکول تحفظاتی منصوبہ

چانسلر کے ضابطے A-414 کے بموجب، ہر اسکول میں عمارتی سطح پر اسکول تحفظاتی منصوبہ تیار کرنے کے مقصد کے لیے اسکول میں قائم حفاظتی ٹیم کا قیام لازمی ہے- منصوبہ، دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ، اسکولی عمارت میں داخلہ، ملاقاتیوں کی جانچ کے طریق کار؛ اسکول کا سلسلہ اختیارات، تحفظاتی تفویضات اور شیڈول؛ بےجا مداخلت کے لیے طریقِ کار؛ ہنگامی صورت ابلاغی نظام، بشمول مناسب قانون نافذ کرنے والے عملے کے نام اور فون نمبرز؛ تمام طلبا بشمول محدود حرکت پذیری والے طلبا کے انخلا کے طریقِ کار کو بیان کرتا ہے- ہر منصوبہ طلبا اور عملے کے لیے تمام ہنگامی صورت ردِعمل کے ضوابط پر توجہ دینے کے لیے عمارت کی ہنگامی صورت ردِعمل ٹیم کے کردار اور تربیت کو بیان کرتا ہے- ہر عمارتی سطح کا منصوبہ ہنگامی صورتوں میں ردِعمل کے لیے ضوابط قائم کرتا ہے، جیسے خطرناک مادے کا بہنا، زبردستی در آنے والے، بم کی دھمکی، یرغمال بنا لینا یا گولی مارنا؛ کی صورت میں انخلا، اندر پناہ لینا، یا تالے ڈال دینا- عمارتی سطح کا منصوبے کا دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے تیار کردہ تحفظاتی منصوبے کے خاکے سے ہم آہنگ ہونا چاہیئے اور سالانہ تجدید ہونی چاہیئے- بہ تعمیل ریاستی تعلیمی قانون، ہنگامی صورت ردِعمل منصوبے خفیہ ہونے چاہییں اور انہیں افشا نہیں کرنا چاہیئے-

F. والدین کو اطلاع دینا

کسی اسکول میں تشدد آمیز فعل انجام دینے کی دھمکی یا حقیقتاً انجام دینا تمام اسکولی برادری پر اثر انداز ہوتا ہے- تشدد کی دھمکیوں یا طرزِ عمل کی صورت میں، اسکولی افسران کو مناسب قانون نافذ کرنے والے اداروں، اسکولی برادری، خاص طور پر اسکول میں مندرج بچوں کے والدین کو بغیر کسی تاخیر کے مطلع کرنا

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

چاہیئے- چانسلر کے ضابطے اور DOE کی پالیسیاں اور طریقِ کار والدین کو مطلع کرنے کے طریقہ ہائے کار قائم کرتے ہیں (ذیل کے اہم دستاویزات ملاحظہ کریں)-

G. انضباطی اور مداخلتی حکمت عملیاں

طلبا کی آموزش کی اعانت کے لیے شہرپیما طرزِ عمل کی توقعات ("ضابطۂ انضباط")(http://schools.nyc.gov/RulesPolicies/DisciplineCode/default.htm) میں طالبانہ مداخلت اور ضابطہ انضباط اور طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا مسودہ K-12، شامل ہیں- یہ دستاویز طلبا کو طرزِعمل کے معیارات جنکی پیروی کی تمام طلبا سے توقع کی جاتی ہے اور ان معیارات کی تکمیل نہ کیے جانے کی صورت میں نتائج سمجھنے میں مدد کرنے کے لیے رہنما خطوط قائم کرکے ذمہ دارانہ طالبانہ طرزِ عمل اور وقار اور احترام کے ایک ماحول کو فروغ دیتا ہے- اس میں انضباط اور مداخلت کے مختلف جائز اقدامات شامل ہیں جن کو اسکول برے طرز عمل سے نمٹنے کے لیے کر سکتا ہے-

ہر اسکول سے ایک مثبت اسکولی ثقافت اور فضا کو فروغ دینے کی توقع کی جاتی ہے جو طلبا کو ایسا معاونتی ماحول فراہم کرے جس میں وہ تعلیمی اور سماجی دونوں طور پر نشو ونما پاسکتے ہیں- اسکولوں سے طلبا کو مثبت طرزِعمل کی مختلف معاونتیں اور ساتھ ہی سماجی جذباتی آموزش کے لیے پُرمعنٰی مواقع فراہم کرکے ان کے سماج سے موافق طرزِ عمل کو پروان چڑھانے کے لیے ایک پیش اقدامی کردار ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے-

اسکولی عملے کے ارکان ایسے نامناسب طرزِ عمل سے نمٹنے کے بھی ذمہ دار ہیں جو تدریس میں مخل ہوتا ہے- منتظمین، اساتذہ، مشیران اور اسکول کے دیگر عملے سے توقع کی جاتی ہے کہ تمام طلبا کو مداخلت اور انسداد کی حکمت عملیوں میں شامل کیا جائے جو طلبا کے طرزِ عمل کے امور سے خطاب کرے اور ان حکمت عملیوں پر طلبا اور ان کے والدین سے بات چیت کرے-

مداخلتی حکمت عملیاں ضابطۂ انضباط میں خاکہ کش کی گئی ہیں- مداخلت اور انسداد کی تدابیر میں ذاتی اور خاندان کے حالات کی نشاندہی کے لئے رہنمائی امداد اور خدمات شامل ہوسکتی ہیں؛ سماجی / جذباتی تدریس، جیسے اختلافات کا حل/ ہمسر ثالثی/ بات چیت، بحالی کے حلقے، غصے پر قابو پانا، پریشانی پر قابو پانا، اور / یا اظہار و ابلاغ صلاحیتوں کا حصول؛ متبادل ہدایاتی مواد اور / یا طریقوں کا استعمال؛ تقویتی خدمات؛ متبادل کلاس میں تقرری؛ اور / یا تفاعلی طرزِ عمل کی تشخیصات کا فروغ اور / یا جائزہ اور طرزِ عمل میں مداخلت کا منصوبہ جس کے لیے ابتدائی مداخلتی حکمت عملی کے طور پر فروغ دیا جانا اور / یا جائزہ لیا جانا چاہئیے-

مداخلت اور انسداد کی ایسی حکمت عملیوں کے استعمال کے ذریعے جو انہیں مصروف رکھتی ہیں اور انہیں مقصد کا ایک شعور عطا کرتی ہیں، اسکول کا عملہ طالب علم کی تعلیمی اور سماجی جذباتی نشو ونما میں مدد بہم پہنچاتا ہے اور اسکول کے ضابطوں اور پالیسیوں پر عمل کرنے میں ان کی اعانت کرتا ہے-

کلاس روم میں، اساتذہ ایک موافق تدریسی ماحول قائم کرنے کے لیے متعدد تعلیمی اور طرزِ عمل کی تکنیکیں اور طریقِ کار استعمال کرتے ہیں- بین الکلیاتی ٹیمیں جس میں معاونتی عملہ جیسے رہنما مشیر ہر اسکول کا ایک حصہ ہیں- یہ ٹیمیں "خطرے سے دوچار" طلبا کو درپیش مخصوص امور سے نمٹنے کے لیے حکمت عملیاں تیار اور نافذ کرنے کے لیے باقاعدہ طور پر ملتی ہیں-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

اہم دستاویزات

ذیل کے اہم دستاویزات ضلع کا اسکول حفاظتی منصوبے اور قانون برائے طرزِ عمل پر محیط ہیں-

طالبانہ مداخلتیں اور ضابط انضباط، اور طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا مسودہ، K-12-

چانسلر کا ضابط A-411 طرز عمل کے بحران میں کمی / مداخلت اور 911 سے رابط کرنا
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/5DA279FE-5664-4B3D-86CB-659EFFBA3D8D/0/A411_52115.pdf)

چانسلر کا ضابط A-412 اسکولوں میں تحفظ
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/78BB9C02-2634-4EC2-955D-7097DD511E06/0/A412RegwAdvisory22615.pdf)

چانسلر کا ضابط A-413، اسکولوں میں سیل فون اور دیگر برقیاتی آلات
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/8C04CC15-F156-4578-9775-53B98638D650/0/A413Final22615.pdf)

چانسلر کا ضابط A-414 حفاظتی منصوبے (http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/381F4607-7841-D28-B7D5-0F30DDB77DFA/80066/A414FINAL.pdf4

چانسلر کا ضابط A-418 جنسی مجرم کے بارے میں اطلاع
(http://docs.nycenet.edu/docushare/dsweb/Get/Document-152/A-418%20%204-11-06.pdf)

چانسلر کا ضابط A-420 جسمانی سزا
(http://docs.nycenet.edu/docushare/dsweb/Get/Document-19/A-420__11-16-04.pdf)

چانسلر کا ضابط A-421 زبانی ایذا دہی
(http://docs.nycenet.edu/docushare/dsweb/Get/Document-20/A-421.doc.pdf)

چانسلر کا ضابط A-432 تلاشی اور ضبطی
(http://docs.nycenet.edu/docushare/dsweb/Get/Document-21/A-432.pdf)

چانسلر کا ضابط A-443 طالبانہ انضباط کے طریقۂ ہائے کار
(http://docs.nycenet.edu/docushare/dsweb/Get/Document-22/A-443.pdf)

چانسلر کا ضابط A-450 غیر رضا کارانہ تبادلےکی کارروائی
-http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/381F4607-7841-4D28-B7D5 F30DDB77DFA/97053/A4501202011FINAL.pdf0

چانسلر کا ضابط A-750 بچے کے ساتھ بدسلوکی
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/381F4607-7841-4D28-B7D5-0F30DDB77DFA/97056/A7501202011FINAL.pdf)

چانسلر کا ضابط A-755 خودکشی کا انسداد / مداخلت
http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/381F4607-7841-4D28-B7D5-0F30DDB77DFA/109109/A75581811FINAL.pdf)

چانسلر کا ضابط A-830 غیرقانونی امتیازیت / ایذا دہی کی اندرونی نالش دائر کرنا
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/8D6081A7-2945-40C1-90B7-F725BD4FA5D5/0/A830.pdf)

چانسلر کا ضابط A-831 بمسر جنسی ایذادہی
http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/821E130E-8DCB-4787-A6B9-) 2968D587359A/0/A831101211.pdf)

طالب علم سے طالب علم کی تعصب پر مبنی ایذا دہی، ڈرانا، اور / یا غنڈہ گردی A-832چانسلر کا ضابط
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/55EF6553-0FE8-40A0-8B3B-2D255D28A84D/0/A832.pdf)

طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا بل
(http://schools.nyc.gov/RulesPolicies/ParentBillofRights/default.htm)

1. عمارتی سطح پر اسکول تحفظاتی منصوبہ

چانسلر کے ضابطے A-414 کے بموجب، ہر اسکول میں عمارتی سطح پر اسکول تحفظاتی منصوبہ تیار کرنے کے مقصد کے لیے اسکول میں قائم حفاظتی ٹیم کا قیام لازمی ہے- منصوبہ، دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ، اسکولی عمارت میں داخلہ، ملاقاتیوں کی جانچ کے طریق کار؛ اسکول کا سلسلہ اختیارات، تحفظاتی تفویضات اور شیڈول؛ بےجا مداخلت کے لیے طریقِ کار؛ ہنگامی صورت ابلاغی نظام، بشمول مناسب قانون نافذ کرنے والے عملے کے نام اور فون نمبرز؛ تمام طلبا بشمول محدود حرکت پذیری والے طلبا کے انخلا کے طریقِ کار کو بیان کرتا ہے- ہر منصوبہ طلبا اور عملے کے لیے تمام ہنگامی صورت ردِعمل کے ضوابط پر توجہ دینے کے لیے عمارت کی ہنگامی صورت ردِعمل ٹیم کے کردار اور تربیت کو بیان کرتا ہے- ہر عمارتی سطح کا منصوبہ ہنگامی صورتوں میں ردِعمل کے لیے ضوابط قائم کرتا ہے، جیسے خطرناک مادے کا بہنا، زبردستی در آنے والے، بم کی دھمکی، یرغمال بنا لینا یا گولی مارنا؛ کی صورت میں انخلا، اندر پناہ لینا، یا تالے ڈال دینا- عمارتی سطح کا منصوبے کا دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے تیار کردہ تحفظاتی منصوبے کے خاکے سے ہم آہنگ ہونا چاہیئے اور سالانہ تجدید ہونی چاہیئے- بہ تعمیل ریاستی تعلیمی قانون، ہنگامی صورت ردِعمل منصوبے خفیہ ہونے چاہییں اور انہیں افشا نہیں کرنا چاہیئے-

اہم دستاویزات
ذیل کے اہم دستاویزات عمارتی سطح پر اسکول تحفظاتی منصوبے کی اعانت کرتے ہیں:
چانسلر کا ضابطہ A-414 حفاظتی منصوبے
(http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/381F4607-7841-4D28-B7D5-0F30DDB77DFA/80066/A414FINAL.pdf)

اسکولی تحفظ کے لیے رہنما کتابچہ برائے والدین (شائع کیا جائے گا)